سوال

(633) مرد حضرات کا سونے کے دانت لگوانا، اوراس فن کی کمائی کا حکم؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا مرد حضرات سونے کے مصنوعی دانت لگواسکتے ہیں؟ اوراس فن سے روزی کا حصول شرعاً کیسا ہے؟ (سائل) (۱۵ اپریل ۲۰۰۵)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مرد بوقت ضرورت سونے کا دانت لگواسکتا ہے۔ روزی کے واسطے اس فن کو اختیار کرنا محل نظر ہے کیوں کہ محض بوقت مجبوری اس کا جواز ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،کتاب اللباس:صفحہ:468

محدث فتویٰ